© rasailojaraid.com



صاحب کا بے لوث تعاون بھی قابل ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف' ناشر اور دیگر معاونین کی اس محنت کو قبول فرمائے، (آمین)

☆☆☆☆☆

نام کتاب ............ اہل حدیث کا منہج اور احناف سے اختلاف کی حقیقت ونوعیت

تالیف ............ فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ

صفحات ............ 287

قیمت ............ درج نہیں

ناشر ............ جمعیۃ المناہل الخیریہ گوجرانوالہ پاکستان

محترم حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ جماعت اہل حدیث کے نامور عالم دین ہیں۔ ان کی تحریری و تصنیفی خدمات سے ہر پڑھا لکھا آدمی آگاہ ہے۔ آپ عرصہ دراز تک ہفت روزہ الاعتصام لاہور کی ادارت فرماتے رہے۔ 1994ء سے ادارہ دارالسلام کے شعبہ تصنیف وتالیف سے وابستہ ہیں اور ''تفسیر احسن البیان'' کے علاوہ بہت سی کتابیں تصنیف کر چکے ہیں، مسلک اہل حدیث سے والہانہ لگاؤ کے باوصف آپ مسلک اہل حدیث کے دفاع میں بھی خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ پیش نگاہ کتاب ان کے اسی ذوق کی ترجمان ہے۔

اس کتاب میں حافظ صاحب نے اہل حدیث کا منہج بیان کرنے کے ساتھ ساتھ احناف سے اختلاف کی حقیقت ونوعیت بھی بیان کر دی ہے اور انھوں نے اپنے موقف کی تائید میں مولانا محمد حنیف ندوی' مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی اور مولانا عبدالرحمان ضیاء کے مضامین بھی کتاب میں شامل کر لیے ہیں۔

مزید یہ کہ حافظ صاحب نے ''عقائد علمائے دیوبند'' کے حوالے سے متعدد مثالیں دے کر ثابت کیا ہے کہ دیوبندی حضرات اندھی اکابر پرستی میں بریلویت کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ اس ضمن میں حافظ صاحب نے حوالہ جات دیوبندی اہل قلم کی تحریروں سے دیئے ہیں جو شهد شاهد من اهلها کا مصداق ہیں۔ بلاشبہ اس کتاب میں اہل حدیث کے منہج اور اس کے امتیازی اوصاف وخوبیوں کو خوب صورت پیرائے میں بیان کر دیا گیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے اہل حدیث اور احناف کے منہج میں جو فرق پایا جاتا ہے اسے واضح طور پر نمایاں دیکھا جا سکتا ہے کتاب اپنے مندرجات کے اعتبار سے بہت عمدہ اور اسلوب نگارش کی ندرت کو اپنے دامن میں لیے ہوئے ہے۔ زبان وبیان کے اعتبار سے شستہ اور رواں ہے۔ جمعیۃ المناھل الخیریہ گوجرانوالہ کی طرف سے اس کتاب کی اشاعت خوش آئند ہے اور لجنۃ القارۃ الہندیہ کویت کے رئیس فضیلۃ الشیخ ابوخالد فلاح خالد المطیری حفظہ اللہ اور مولانا عارف جاوید محمدی صاحب کی کوششوں سے یہ کتاب اشاعت پذیر ہوئی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مذہبی مباحث اور مسلکی ذوق رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب خاصے کی چیز ہے۔ مواد' معلومات' کمپوزنگ' کاغذ اور جلد بندی کے اعتبار سے بھی یہ کتاب بڑی خوبصورت ہے۔

☆☆☆☆☆

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | .................. | تکمیل آرزو (سفرنامہ حج وعمرہ) |
| مصنف | .................. | ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ |
| صفحات | .................. | 152 |
| قیمت | .................. | 130 روپے |
| ناشر | .................. | تاج پبلشر 17 سی گلفشاں کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد |
| سٹاکسٹ | .................. | مکتبہ ناصریہ پربس مارکیٹ امین پور بازار |

حج اسلام کے ارکان خمسہ میں سے ایک ہے۔ اس کی ادائیگی کے لیے ہر مسلمان اپنے دل میں تڑپ رکھتا ہے لیکن سعادت قسمت والوں کو ہی نصیب ہوتی ہے' خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو حج بیت اللہ کی سعادت سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ حج بیت اللہ کے بعد حاجی گناہوں سے ایسے پاک ہوجاتا ہے جیسے آج ہی اس کی ماں نے اسے جنا ہو۔ ہمارے بزرگ دوست محترم ڈاکٹر غلام سرور شیخ (ایم بی بی ایس) کا شمار بھی ان خوش بختوں میں ہوتا ہے جنہیں مارچ 2001ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اور دیار حبیب ﷺ میں حاضری کا موقع ملا۔ محترم ڈاکٹر صاحب جہاں اچھے معالج ہیں' وہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کو لکھنے پڑھنے کے ذوق سے بھی بہرہ مند فرمایا ہے۔ اصلاح امت اور معاشرے کی تطہیر کے لیے اب تک ڈاکٹر صاحب کے پر بہار قلم سے ذکر ماں' باپ اور رہنمائے زوجین جیسی کتب معرض وجود میں آ کر قارئین سے داد وتحسین وصول کر چکی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''تکمیل آرزو'' ان کے سفرنامہ حج کی دلآویز اور روح پرور روئداد ہے جسے انہوں نے (دیار حرم اور دیار حبیب میں بیتے ایام اور مشاہدات کو) خوبصورت پیرائے میں احاطہ تسوید میں لانے کی کوشش کی ہے۔ یہ ایک سچے اور پکے مسلمان کا سفرنامہ حج ہے جسے اس نے بغیر کسی ملمع سازی کے نہایت خلوص وللہیت سے سادہ اور سلیس انداز میں رقم کیا ہے۔ کتاب کا ہر لفظ اخلاص کی مہک سے معطر اور ایمان کی حرارت سے عبارت ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے سفرنامہ کے چھوٹے چھوٹے ذیلی عنوانات بھی قائم کیے ہیں جس سے قاری کو اپنی من پسند کا عنوان تلاش کرنے میں آسانی ملتی ہے۔ بہرحال کتاب کا یہ نقش ثانی ہے جس کو نئی کمپوزنگ اور عمدہ کاغذ پر طبع کرایا گیا ہے۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے عمدہ چیز ہے۔ اور آخر میں حج وعمرہ کی مسنون دعائیں بھی درج کر دی ہیں۔

© rasailojaraid.com